Fikr-o-Nasar (Islamabad) 26:3 (1989)
© rasailojaraid.com

# قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں

امیر الدین مہر

دنیا کے مختلف خطوں کے علماء نے جہاں قرآن مجید کی خدمت کی ہے وہاں خطۂ باب الاسلام (سندھ) کے علماء نے بھی اس میدان میں کارہائے نمایاں انجام دئے ہیں ۔ بلکہ بعض محققین کے نزدیک دنیا میں سب سے پہلا قرآن مجید کا ترجمہ سر زمین سندھ میں ۲۷۰ ھ میں ہوا ۔ یہ ترجمہ گیارہ سو سال پہلے کا ہے۔ مشہور سیاح بزرگ بن شہر یار ناخدارا مہر مزی نے عبداللہ بن عمر بن عبدالعزیز ہباری والی منصورہ کے حال میں لکھا ہے کہ ۲۷۰ ھ میں الور (موجودہ شہر روہڑی سندھ) کے راجہ مہروگ بن رائنگ نے عبداللہ کو لکھا کہ وہ اسے اسلامی تعلیمات سے روشناس کرائے چنانچہ امیر نے منصورہ سے ایک عالمِ دین عبداللہ نامی ( جو کہ سندھ میں رہ کر سندھی سیکھ چکا تھا ) کو الور بھیج دیا (۱) اس نے راجہ کے لئے سندھی زبان میں قرآن مجید کی تفسیر لکھی اور تین سال تک راجہ کو اسلام کی تعلیم دیتا رہا ۔ بالآخر راجہ مسلمان ہو گیا مگر ملکی مصالح کی بناء پر اسلام کا اظہار نہ کر سکا تاہم اپنے استاد کو کئی من سونا نذر کیا (۲)۔ اس کے بعد برصغیر کا سب سے پہلا فارسی ترجمہ بھی اسی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سر زمین میں مخدوم لطف اللہ بن مخدوم نعمت اللہ المعروف مخدوم نوح رحمہ اللہ ( ۱۵۰۵ء ۔ ۱۵۹۰ء ) ساکن ھالہ ضلع حیدر آباد سندھ نے کیا جو حال ھی میں سندھی ادبی بورڈ نے شائع کیا ہے ۔ خطہ سندھ اور سندھی زبان کو یہ شرف اس لئے حاصل ہے کہ برصغیر پاک و ھند میں سب سے پہلے اسلام کو لبیک کہنے اور اسلام کی روشنی سے منور ہونے والا خطہ سندھ ھی ہے نیز سندھی زبان وہ علمی و ادبی زبان ہے جو برصغیر کی قدیم ترین علمی زبانوں میں سے ایک ہے جو اپنی قدامت ، وسعتِ الفاظ و لغات ، فصاحت و بلاغت اور نثر و نظم کی کثرت کی وجہ سے اعلی مقام رکھتی ہے ۔

سندھی زبان کی تاریخ قدیم ہے ۔ یہ پراکرت زبان کی شاخ وراچڈا سے بنی ہے ۔ اس زبان کا وجود کب سے ہے یقین سے کچھ نہیں کہا جا سکتا بقول علامہ غلام مصطفی قاسمی صاحب یہ زبان حضور نبی علیہ السلام کے زمانے میں موجود تھی اور امام ابوحنیفہ کے دادا جو کہ حضرت علی کے دور میں مسلمان ہوئے تھے اس وقت کے سندھ سے تعلق رکھتے تھے ۔ (۳) آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ عرب جب سندھ میں آئے تو اس وقت سے سندھی عربی رسم الخط میں لکھی جانے لگی تھی البتہ بعض عرب سیاحوں نے مثلاً اصطخری اور المقدسی جو کہ بارھویں صدی عیسوی میں سندھ آئے تھے ، نے لکھا ہے کہ دیبل ، منصورہ اور ملتان میں عربی و سندھی دونوں زبانیں بولی جاتی تھیں ۔

عربی اقتدار کے کمزور ہونے کے بعد سندھ میں ایک مقامی راجپوت خاندان سومرہ برسراقتدار آیا ۔ یہ خاندان ۱۰۵۱ء سے ۱۳۵۱ء تک برسراقتدار رہا اس کے زمانہ میں سندھی زبان کو فروغ حاصل ہوا ۔ اس زبان کے قدیم ترین نمونوں کا تعلق سومرہ عہد ھی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے ہے۔ اسی دور کے شعراء میں سے ایک شاعر اسحق آھنگر (۱۳۶۰ء کے قریب کا دور ) کا ایک شعر محفوظ ہے۔ پھر ھاله کنڈی کے دو شعر ملتے ھیں جو ۱۵۲۸ء میں ایک محفل سماع میں پڑھے گئے تھے۔ اس کے بعد قاضی قاضن (م ۱۵۵۱ء) کے سات شعر ملتے ھیں ان کے بعد مخدوم نوح ( ۱۵۰۵ء تا ۱۵۹۰ء ) کے چند اشعار ملتے ھیں۔ اس کے بعد مخدوم پیر محمد لکھوی وفات ۱۵۹۰ء کا بیاض خادمی اور پھر شاہ عبدالکریم بلڑی والے ( ۱۵۳۷ء تا ۱۶۲۲ء) کا کلام ملتا ہے۔

سندھی زبان سندھ میں مختلف حکمرانوں کے بدلنے مثلاً ارغونوں ، ترخانوں اور مغلوں کے ادوار میں سست رفتاری سے آگے بڑھتی رھی تاآنکہ مقامی کلھوڑہ خاندان ( ۱۷۱۹ء تا ۱۷۸۳ء) برسراقتدار آیا تو سندھی کے پژمژدہ چمن میں بہار آ گئی ، اسی دور میں سندھ کے مایہ ناز شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی (ولادت ۱۶۸۹ء وفات ۱۷۵۲ء) ھوئے جنھوں نے سندھی شاعری کو بام عروج پر پہنچایا اور اسی دور میں مولوی ابوالحسن ٹھٹوی (وفات ۱۱۶۳ھ) نے نثر کی پہلی کتاب مقدمۃ الصلوۃ لکھی۔ اس دور میں کلھوڑوں کی سرپرستی کی وجہ سے سندھی زبان نے خوب ترقی کی اور پھلی پھولی اور شعر کی اکثر اقسام میں شاعری ھونے لگی۔ اس لئے اس دور کو سندھی شاعری کا سنہری دور کہا جاتا ہے۔ کلھوڑہ خاندانِ حکومت کے بعد ٹالپر دورِ حکومت شروع ھوتا ہے اس دور میں نثر میں تصنیفات و تالیفات شروع ھوئی اور نظم و نثر دونوں نے ساتھ ساتھ سفر شروع کیا۔ اس دور کا عظیم ھفت زبان صوفی شاعر سچل (۱۱۵۲ھ تا ۱۲۴۱ھ) ہےاور ان کے ساتھ دوسرے بھی بہت سے شعراء میدان میں موجود رھے۔ پھر انگریزی دور ۱۸۴۳ء تا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۹۴۷ء آتا ہے۔ اس دور میں سندھی زبان کے لئے سر بارٹل فریئر نے موجودہ سندھی رسم الخط تشکیل دیا جو ۵۲ حروف کی صورت میں موجود ہے (٦)۔ سندھی زبان کی وسعت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ سندھی نثر نگار مرزا قلیج بیگ ۳۰۰ سندھی کتابوں کے مصنف و مترجم ھیں اس طرح اس دور کے عظیم محقق و نثر نگار ڈاکٹر نبی بخش بلوچ کی تصانیف مرزا قلیچ بیگ کے قریب ھیں . اس سے سندھی زبان کی عظمت کا اندازہ ھوتا ہے۔ چنانچہ اس زبان میں ھر موضوع پر ھزاروں کتابیں لاکھوں صفحات میں پھیلی ھوئی موجود ھیں ۔ نیز سندھی زبان دنیا کی وہ دوسری زبان ہے جس میں اردو کے بعد سب سے زیادہ قرآن مجید کے تراجم اور تفاسیر موجود ھیں . اردو انسائیکلو پیڈیا آف اسلام پنجاب یونیورسٹی کے مطابق اس وقت تک عربی کے بعد سب سے زیادہ قرآن مجید کے ترجمے و تفاسیر اردو میں ھیں ، اس کے بعد سندھی زبان ہے جس میں دیگر زبانوں سے زیادہ ترجمے اور تفاسیر ھیں جن کی تعداد ٦٧ ہے اور اس کے بعد فارسی کا نمبر آتا ہے۔ (٧) اھل پاکستان کو یہ فخر حاصل ہے کہ عربی کے بعد ان کی اردو اور سندھی زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم و تفاسیر سب سے زیادہ موجود ھیں ۔

## ,,قرآن مجید کے سندھی تراجم "

(۱) <u>قرآن مجید مترجم از قاضی عزیز اللہ متعلوی (مٹیاروی ) :۔</u>

سندھی زبان میں قرآن مجید کا یہ ترجمہ سب سے قدیم ہے جو تیرھویں صدی ھجری کی ابتداء میں قاضی عزیز اللہ متعلوی(۱۱٦۰ھ-۱۲۴۰ ھ ) نے کیا ہے موصوف اپنے دور کے جید علماء میں سے تھے۔ ان کے فرزند قاضی علی محمد بھی بڑے عالم اور خطاط تھے یہ ترجمہ قاضی محمد ابراھیم ناشر کتب نے ۱۸۷۰ء میں چھاپہ خانہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



محمدی پوری بندر گجرات سے شائع کیا اس کے بعد کریمی پریس بمبئی والوں نے کئی مرتبہ شائع کیا ۔ اس کا ایک ایڈیشن مطبوعہ ۱۳۳۰ھ بڑے سائز میں موجود ہے جس میں دو ترجمے دئے ہوئے ھیں ایک قاضی صاحب موصوف کا سندھی ترجمہ اور دوسرا شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا فارسی ترجمہ ۔ حاشئے پر شان نزول درج ہے جو شیخ سعدی کی طرف منسوب ہے ۔ نیز فارسی میں فتح الرحمن کے تفسیری نوٹ از شاہ ولی اللہ درج ھیں ۔ یہ قرآن مجید بڑے سائز میں ۸۰۰ صفحات پر چھپا ہوا ہے ۔ مذکورہ ترجمہ سندھی نثر کا قدیم نمونہ ہے ۔ تاریخ طبع پر چند شعر درج ھیں ۔ مادہ تاریخ نتائج قلم معجز رقم حاجی الحرمین سید تجمل حسین ، ,,تجمل،، جلال پوری ۔

طبع نامی کریمی هست در آفاقها — انتخاب لاجواب و بے مثال و بے نظیر
مالک آن قاضی عبدالکریم نامور — محو فرمان پیمبر ذاکر ذکر قدیر
این کلام اللہ چه با دو ترجمه — در همه اوصاف خوبی دلپسند و دلپذیر
گربچشم غور بینی صفحه صفحه حرف حرف — در صفا آیدنظر یکسان ز اوّل تا اخیر
بشنو از طبع ,,تجمل،، مصرع تاریخ سال — با دو معنی فارسی و سندھی قرآن منیر(۸)

۱۳۲۰ھ

(۲) قرآن مجید مترجم از مولانا محمد صدیق رحمۃ اللہ :۔

یہ ترجمہ کافی قدیم معلوم ہوتا ہے ۔ ترجمے میں زبان جنوبی سندھ کی استعمال کی گئی ہے جو نہایت شیریں ہے ۔ دوسری خوبی یہ ہے کہ ترجمہ تحت اللفظ ہے اس لئے پڑھنے والا عربی زبان سے بھی واقف ہو جاتا ہے ۔ پھر فاضل مترجم نے حاشیے پر تفسیری نوٹ بھی لکھے ھیں جو ملا حسین کاشفی کی تفسیر حسینی اور تفسیر رؤفی سے لئے گئے ھیں ۔

ایک روایت یہ ہے کہ سیٹھ سکھدیو سابق ایم ایل اے کراچی کے دادا ایک صوفی منش انسان تھے انہوں نے مولوی محمد صدیق سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قرآن مجید کا ترجمہ کرا کے چمن پریس کراچی سے چھپوایا جسے وہ مفت تقسیم کرتے تھے خاص طور پر ان حجاج کرام کو جو کراچی سے حج پر جاتے تحفے میں دیتے تھے۔

مولوی مرزا منیر الدین جبلپوری نے اس ترجمے کی اشاعت کے متعلق فارسی میں مادہ تاریخ لکھا ہے جس سے مترجم کے علمی پایہ کا اندازہ بھی ہوتا ہے۔

زمطلعش شدہ طالع چو ماہ برکت وخیر — شدہ فروغ دہ صبح دھر شام سندھ
زجود و ہمت فیض محمد صدیق — پرست از مئے عیش و سرور جام سندھ
چوں دیدہ حضرت ممدوح از نگاہ کرم — زقصر چرخ بریں شد بلند بام سندھ
ہمیکہ بہ ممدوح ماخدا بخشند — نمود بذل توجہ سوئے نظام سندھ
زخرچ درہم و دینار کرد قرآن چاپ — بلند گشت زفیضش بدھر نام سندھ
برائے مصرع تاریخ او نظامی گفت — کلام پاک مترجم بحرف عام سندھ

۱۳۱۷ھ

مولانا سلیم اللہ نے عربی نثر میں تقریظ لکھی ہے جس میں مترجم ممدوح کی بہت تعریف کی ہے۔ مترجم نے قرآن مجید کے آخر میں ایک رسالہ تجوید اور اوقاف کے بارے میں سندھی زبان میں منسلک کیا ہے جو نہایت کار آمد ہے۔

ترجمے کے پہلے ایڈیشن کے بارے میں معلوم نہیں ہو سکا کہ وہ کہاں شائع ہوا۔ البتہ دوسرے ایڈیشن کی تقریظ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے پہلے بھی شائع ہو چکا ہے۔ اشاعت دوم حاجی ملک دین محمد لاھور کی طرف سے ہوئی ہے جو بڑے سائز میں ۵۳٦ صفحات پر مشتمل ہے۔ (۹)

(۳) قرآن مجید مترجم از مولانا تاج محمود امروٹیؒ ( متوفی ۱۹۲۹ء ۵۔ نومبر ) ۔ مولانا تاج محمود سندھ کے جید علماء میں سے تھے۔ آپ عالم باعمل ، پیرِ طریقت ، توحید کے علمبردار، قاطع شرک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



و بدعت اور مدبر سیاستدان تھے ۔ تحریک خلافت میں بڑھ چڑھ کر حصه لیا ، اور جمعیت العلماء هند میں شامل رهے اس سلسله میں جمیعت العلماء هند کے سالانه اجلاس منعقده دهلی ۱۹۲۴ء کی صدارت بھی کی تھی ، آپ مولانا عبیدالله سندھیؒ کے مربی تھے ۔ نیز سندھی زبان کے بڑے ادیب اور شاعر تھے ۔ آپ کی یوسف زلیخا سندھی ( پریت نامه ) ، مولود اور کافیوں کی بیاض ادبی ذوق کی عکاسی کرتے هیں ۔

مولانا امروٹی نے جب قرآن مجید کے ترجمے کا اراده کیا تو پہلے تفاسیر کا بہت بڑا ذخیره جمع کیا ، پھر سندھی میں مستقل درس قرآن کا سلسله شروع کیا ، آپ کے حلقهٔ درس میں اس دور کے بڑے بڑے علماء شریک هوئے تھے ، مثلاً ، مولانا عبیدالله سندھی ، مولانا احمد علی لاهوری ، مولانا حماد الله هالیجوی ، مولانا عبدالوهاب کلاچی ، مولانا عبدالله کھڈ هر والے اور مولانا عبدالقادر دین پوری وغیره ، نیز مرحوم کی خدمت میں مُنشی عبدالخالق شکار پوری اکثر رهتے تھے جو سندھی ادب کے بڑے ادیب تھے ۔

اس علاقے کے بعض بزرگوں سے معلوم هوا که مولانا ترجمه کر کے علماء اور ادباء کے سامنے توثیق کے لئے پیش کرتے تھے ۔ اس طرح اس دور کے علماء سے ترجمے کی توثیق هو جاتی تھی ۔ اس ترجمه کی ابتداء ۱۳۱۲ھ میں هوئی اور کئی سالوں میں پایه تکمیل کو پہنچا ۔ یه نهایت بامحاوره ، فصاحت ، بلاغت اور ادبی چاشنی سے بھر پور ترجمه ہے ۔ جس طرح شاه ولی الله کا فارسی ترجمه اعجاز کا درجه رکھتا ہے اس طرح یه ترجمه بھی ہے ۔

مولانا کی زندگی میں یه ترجمه پہلی مرتبه ,,الحق پریس ،، سکھر سے ٹائپ میں متنِ قرآن کے بغیر تین حصوں (دس دس پاروں ) میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آیتوں کے نمبروں کے ساتھ شائع ہوا ۔ جو نہایت عمدہ کاغذ پر دلکش تھا ۔ چونکہ اس دور کے علماء نے بغیر متن کے ترجمہ شائع کرنے پر اعتراض کیا تھا لہذا اس کے بعد والے ایڈیشن میں متن کے ساتھ شائع ہوتا رہا ۔

اس کے بعد یہ ترجمہ متن کے ساتھ متعدد مرتبہ مولانا احمد علی لاھوری (ولادت ۲ ۔ رمضان ۱۳۰۳ ھ وفات ۱۷ ۔ رمضان ۱۳۸۱ھ)[۱۰] کی کوشش سے طبع ہو کر خاص و عام تک پہنچتا رہا ہے ۔

یہ ترجمہ اتنا مقبول عام ہوا کہ اس کے بعد جس عالم نے بھی قرآن مجید کا ترجمہ لکھا تو اسے پیش نظر رکھا اور اپنا رھنما بنایا ۔ [۱۱]

اس کا ایک نسخہ راقم الحروف کے پاس موجود ہے جو تاج کمپنی کراچی سے بہترین کتابت کے ساتھ ۱۳۹۲ ھ میں شائع ہوا ہے آخر میں سورتوں اور مضامین قرآن کی مختصر فہرست دی گئی ہے تاج کمپنی نے مختلف سائزوں میں اس کے متعدد ایڈیشن شائع کئے ھیں ۔

(۳) <u>قرآن مجید مترجم بسه ترجمه :</u>

اس میں متن کے ساتھ تین ترجمے دئے گئے ھیں ۔

(۱) پہلا ترجمہ فارسی شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ ( م ۱۷۰۳ء تا ۱۷۶۲ء)

(۲) دوسرا ترجمہ اردو شاہ رفیع الدین رحمہ اللہ ( ۱۱۶۳ھ وفات ۱۲۳۵ھ )

(۳) تیسرا ترجمہ سندھی از مقتدر علماء سندھ

حاشیے پر موضح القرآن از شاہ عبدالقادر دھلوی رحمہ اللہ کا سندھی ترجمہ دیا گیا ہے ۔ اس لحاظ سے یہ ترجمۂ قرآن مجید منفرد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حیثیت رکھتا ہے ۔ سندھی ترجمہ کس نے کیا یہ بات واضح طور پر معلوم نہیں ہے ، البتہ اتنا لکھا گیا ہے کہ سندھ کے مستند علماء نے یہ ترجمہ کیا ہے ۔ یہ ترجمہ و تفسیری نوٹ بڑے سائز پر ۱۳۵۱ھ میں عباسی لیتھو آرٹ پریس کراچی سے شائع ہوئے ۔ اس کی اشاعت کے بعد شیخ عبدالعزیز محمد سلیمان سابق ایڈیٹر الحق اور عباسی پریس والوں کا حق ملکیت پر اختلاف ہو گیا اور معاملہ عدالت تک جا پہنچا ۔ دوسری مرتبہ میاں چنن الدین محمد شریف مالکان کتب خانہ مقبول ریلوے روڈ لاہور سے شائع ہوا ۔ براویت مولانا غلام مصطفی قاسمی ,,عباسی کتب خانے کے مالک مولوی عبدالرسول نے کہا کہ یہ ترجمہ مولوی عبدالرحیم مگسی مرحوم سابق معلم ,,سندھ مدرسۃ اسلام،، سے کرایا گیا تھا ۔ اس بات کی قاضی عبدالرزاق صاحب نے بھی تصدیق کی ہے ۔ (۱۲)

(۵) قرآن مجید مترجم از قاضی عبدالرزاق مرحوم ابن قاضی احمد روہڑائی (ولادت ۱۸۹۳ء وفات ۱۹۶۱ء) :۔ قاضی صاحب مرحوم اصل میں روہڑی کے رہنے والے تھے پھر کراچی منتقل ہو گئے اور برسہا برس سندھ مدرسۃ الاسلام میں مدرس رہے ۔ یہ کئی سندھی کتابوں کے مصنف اور اچھے کاتب تھے ۔ آپ نے کچھ وقت سندھی روزنامہ ,,الوحید،، میں بھی کام کیا تھا ۔ (۱۳) قرآن شریف کا یہ سندھی ترجمہ بامحاورہ لکھا گیا اور عباسی کتب خانہ سے ایک ہزار صفحات پر ۱۹۴۸ء میں شائع ہوا اس کے حاشیے پر تفسیری نوٹ بھی ھیں ۔ قاضی صاحب نے دیباچے میں لکھا کہ میں نے ترجمہ کرتے ہوئے شاہ عبدالقادر اور شاہ رفیع الدین کے تراجم کو پیش نظر رکھا اور بعد یہی دوبارہ تفسیری نوٹ لکھتے وقت موضح القرآن ، تفسیر شیخ الہند ، تفہیم القرآن مولانا مودودی اور نور محمد دھلوی کی تفاسیر کو سامنے رکھا اور ان کی تفاسیر کا خلاصہ پیش کیا ۔ (۱۴)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(٦) قرآن مجید مترجم از قاضی عبدالرزاق مرحوم :۔ مطبوعہ از محمد عثمان ڈیپلائی مرحوم۔قاضی صاحب نے یہ ترجمہ محمد عثمان ڈیپلائی کے لئے نئے انداز سے لکھا جو سابقہ ترجمہ عباسی کتب خانے والے سے مختلف ہے ۔ ڈیپلائی صاحب نے بتایا کہ پہلے پندرہ پاروں کا ترجمہ قاضی صاحب نے کیا اور آخری پندرہ پاروں کا ترجمہ محمد بخش واصف نے مولانا امروٹی والا ترجمہ پیش نظر رکھہ کر کیا تھا ۔ اس ترجمے کی طباعت میں یہ جدت اختیار کی گئی کہ ایک طرف قرآن مجید کا متن ہے تو سامنے ترجمہ دیا گیا ہے یہ ترجمہ اچھا مقبول ہوا ہے ۔ (١٥)

(٧) قرآن مجید مترجم از شیخ عبدالعزیز عرب :۔

یہ ترجمہ کرنے والا شیخ عبدالعزیز عرب دراصل نجد کا باشندہ تھا ، تبلیغ یا کسی اور سبب سے اپنا وطن چھوڑ کر حیدر آباد سندھ میں سکونت اختیار کی اور مختلف طریقوں سے تبلیغ کرتا رہا ۔ ابتداء میں غیر مقلد اور حدیث نبوی کا متبع تھا پھر قرآن مجید کے ترجمے کا ارادہ کیا اور ترجمے کا انداز یہ اختیار کیا کہ ترجمہ بالکل لفظی ہو درمیان میں کوئی زائد لفظ نہ آئے چنانچہ اسی انداز سے ترجمہ کر کے علماء سے تصدیق کرا کے شائع کر دیا ۔ (١٦)

(٨) ترجمہ قرآن مجید از مولانا محمد مدنی :۔

مولانا مدنی گانوء معروف بھنبھرہ تحصیل ہالہ ضلع حیدر آباد کے باشندے تھے۔ تیرہ سال کی عمر میں مشرف باسلام ہوئے اور بمبئی کے راستے مکہ مکرمہ چلے گئے اور مکے کے شیخ الاسلام کے پاس رہ کر تربیت و تعلیم حاصل کی کچھہ عرصہ آپ نے مدینہ منورہ میں بھی تعلیم حاصل کی ، اس کے بعد بیت اللہ شریف کے جوار میں مسجد حرام میں سالہا سال تدریس میں مشغول رہے پھر علامہ عبیداللہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سندھی رحمہ اللہ کے حکم سے سندھ میں واپس تشریف لائے اور مدرسہ دارالرشاد پیر جھنڈے میں درس دیتے رہے ، اس کے بعد سندھ مدرسۃ الاسلام کراچی میں عربی کے استاد بنے ۔ یہاں مولانا مرحوم کو قرآن مجید کا سندھی میں ترجمہ کرنے کا شوق پیدا ہوا لہذا سالہا سال عربی تفاسیر اور لغات کا مطالعہ کرنے کے بعد بڑے انہماک سے ترجمہ شروع کیا ۔ علامہ غلام مصطفی قاسمی کے بقول بعض وقت آپ کو ترجمہ لکھتے ہوئے پوری رات گذر جاتی تھی . مولانا محمد مدنی نے ۱۹۷۹ء میں وفات پائی ۔

اس ترجمے کی خوبی یہ ہے کہ بامحاورہ ترجمے کے ساتھ قرآن مجید کا کوئی لفظ ترجمے کے بغیر نہیں چھوڑا گیا ۔ بعض مقامات پر ترجمے کی رو سے بعض مشکل تفسیری مسائل کا حل بھی کیا گیا ہے ۔

اس ترجمے کی دوسری خوبی یہ ہے کہ حاشئے پر شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ کے تفسیری نوٹ بنام فوائد فتح الرحمن فارسی کا سندھی میں ترجمہ مولانا غلام مصطفی قاسمی صاحب کی طرف سے درج کیا گیا ہے۔ یہ سعادت صرف سندھی زبان کو حاصل ہے کہ اس میں یہ ترجمہ ہوا ہے ۔

یہ قرآن مجید تقریباً ۱۵ مرتبہ چھپ چکا ہے اور حمائل سائز آفسٹ میں بھی چھپا ہے۔ اس کثرت سے اتنے ایڈیشنوں کا ختم ہونا مقبولیت کی علامت ہے ۔ (۱۷)

(۹) ترجمہ قرآن مجید از قاضی عبدالرزاق مرحوم :۔ مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور ، قاضی صاحب مرحوم کا یہ تیسرا ترجمۂ قرآن کریم ہے ۔ یہ ترجمہ مولانا اشرف علی تھانوی کے ترجمے اور حاشئے پر بیان القرآن کے خلاصہ پر مشتمل ہے۔ اس ترجمے میں اردو محاورے کے مطابق اللہ تعالی کے لئے جمع کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جو سندھی زبان اور محاورے کے لحاظ سے عجیب سا لگتا ہے۔کیونکہ سندھی تراجم میں اللہ تعالی کے لئے عربی محاورے کے مطابق واحد کا صیغہ استعمال ہوتا ہے۔

قاضی صاحب نے یہ ترجمہ اور حواشی بقول ان کے صرف سات مہینوں کے مختصر عرصے میں لکھے ھیں ۔ اس ترجمے کے شروع میں مضامین قرآن کی فہرست ہے جو ۴۰ صفحات پر مشتمل ہے ۔ پھر ایک نہایت مختصر لیکن جامع اعداد و شمار کی فہرست ہے مثلاً ہر پارے میں رکوع کی تعداد ، آیات کی تعداد ، ہر ایک سورۃ میں رکوع اور آیات کی تعداد ، قرآن مجید کی سورتوں کے نمبر ترتیبی ، ترتیب نزولی وغیرہ درج ھیں ۔ نیز قرآنی تعویذوں کے نقشے ، سورتوں کے خواص و فوائد اور فالنامہ دیا گیا ہے۔ یہ سارا مواد ساٹھ صفحات پر مشتمل ہے ترجمہ قرآن کے ۵۵۰ صفحات ھیں ۔ شیخ غلام علی اینڈ سنز نے ۱۹۶۱ء میں سفید کاغذ پر عمدہ خط میں شائع کیا ہے۔ اس کی تازہ طباعت ۲۱ نومبر ۱۹۸۷ء میں ۵۰۰۰ کی تعداد میں ھوئی ہے ۔ (۱۸)

(۱۰) قرآن مجید مترجم سندھی :۔ مقبول عام سکھر والوں کا شائع کردہ ۔ اس قرآن مجید کے مترجم کا نام نہیں دیا گیا ہے لیکن ایسا معلوم ھوتا ہے کہ شیخ عبدالعزیز عرب کے ترجمے ھی کو نقل کیا گیا ہے۔ (واللہ اعلم ) ۔ (۱۹)

(۱۱) ترجمہ نور القرآن از مولانا احمد ملاح ابن نانگیو رحمہ اللہ:۔

(ولادت ۱۸۷۷ء وفات ۱۹۶۹ء) ، مولانا احمد ملاح ضلع بدین زیریں سندھ کے رھنے والے بڑے عالم تھے ، اللہ تعالی نے انھیں شاعری کا اعلی ملکہ عطا کیا تھا جسے انھوں نے اللہ تعالی کے دین کی اشاعت کے لئے وقف کیا اور توحید کی تبلیغ ، شرک و جہالت ، قبر پرستی ، پیر پرستی کے رد کے لئے استعمال کرتے رھے ۔ اس راہ میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انہیں تکلیفیں دی گئیں لیکن سنت نبوی پر عمل کرتے ہوئے ثابت قدم رہے ۔ انہوں نے ایک درجن کتابیں نظم و نثر میں تحریر کیں اور آخر عمر تک لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرتے رہے ۔ مرحوم کا سب سے بڑا کارنامہ جو درحقیقت سندھ کی علمی تاریخ کا ایک عظیم کارنامہ ہے وہ قرآن مجید کا منظوم ترجمہ ہے ۔ یہ ترجمہ قدیم سندھی نظم میں ہے ۔ ابیات کو پڑھتے ہوئے شاہ عبداللطیف بھٹائی (م ۱۱۶۵ھ) کی شاعری کی یاد تازہ ہوتی ہے ۔ ایسا رواں ، سلیس ، بامحاورہ ، ادبی چاشنی سے بھر پور اور مفہوم کا حامل ترجمہ قرآن ہے کہ شائد ھی کسی اور کو یہ سعادت نصیب ہوئی ہو ۔ ان کے اس کارنامے کی قدر کرتے ہوئے سابق صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم نے مولانا مرحوم کو بعد از وفات تمغہ دے کر ان کی خدمات کا اعتراف کیا ہے ۔

یہ ترجمہ دو مرتبہ زیور طبع سے آراستہ ہو چکا ہے ۔ اس کی کتابت سندھ کے مشہور خطاط مولوی مشتاق احمد کے فرزند عبدالرؤف صاحب نے کی ہے ۔ ایک کالم میں قرآن مجید کی آیات ھیں تو بالمقابل منظوم سطریں ترجمے کی ھیں ۔ جو شاعر کا کمال ہے ۔

اس کی ایک طباعت حقی آفسٹ پریس کراچی میں ۲۰X۳۰ عمدہ کاغذ پر ہوئی ہے جو ۸۰۰ صفحات پر مشتمل ہے ۔ ناشر الحاج اللہ جڑیو خان ارباب ضلع تھرپارکر ہے ۔

اس ترجمے کی تصحیح ، کتابت اور ترتیب میں مولانا ملاح مرحوم کے شاگرد و معتقد مولوی عبداللہ جونیجے نے بڑی محنت کی جس نسخے سے یہ ترجمہ چھپا ہے وہ انھی کا لکھا ہوا تھا ۔ احقر نے اس ترجمے کی ایک ادبی و بلاغی خصوصیت یہ دیکھی کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا ترجمہ سورۃ الفاتحہ سے لے کر الانفال تک سات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مختلف اشعار میں کیا گیا ہے۔ الغرض مولانا مرحوم کا یہ ترجمہ عجیب ادبی اعجاز کا حامل ہے۔ (۲۰)

(۱۲) ترجمہ قرآن مجید از خان بہادر گل حسن خان ٹالپر ریٹائرڈ ڈپٹی کلیکٹر:

موصوف شیعہ مسلک سے تعلق رکھتے ھیں ٹالپر بلوچ قبیلے کے چشم و چراغ تھے انہوں نے قرآن مجید کا ترجمہ کیا ہے ترجمے کو محمد جعفر، رحمت اللہ خواجہ اور دیگر ممبران انجمن جعفریہ سیدپور بٹھورہ نے اپنے خرچ سے فل اسکیپ سائز میں قرآن مجید کے متن کے بغیر ۱۹۱۱ء میں طبع کرایا ہے۔ (۲۱)

(۱۳) ترجمہ قرآن مجید از مولانا پروفیسر احمد علی انصاری ھالہ:

پروفیسر صاحب نے قرآن مجید کا تحت اللفظ سندھی میں ترجمہ شروع کیا ہے اور ایک ایک پارہ شائع کیا ہے اس وقت تک تین پارے طبع ہو چکے ھیں پارہ اول پارہ دوم اور پارہ تیسواں ادارہ فکر و نظر سکھر نے شائع کیا ہے۔ یہ ترجمہ تا حال جاری ہے۔ احقر کے پاس تینوں پارے موجود ھیں ۔

(۱۴) ترجمہ قرآن مجید از مولانا محمد رفیق صاحب استاد گورنمنٹ ایلیمنٹری ٹریننگ کالج حیدر آباد بروایت ابو الاسد مراد علی راھموں:

یہ ترجمہ مع مختصر تفسیری حاشیہ فل سائز میں طبع ہوا ہے۔

(۱۵) ترجمہ قرآن مجید : از مولانا ھدایت اللہ انشاء ھالائی بروایت مولوی عبدالرحمن بروھی ، مولانا ھدایت اللہ ، اصل میں ھالا ضلع حیدر آباد کے ساکن تھے پھر کراچی چلے گئے اور وھاں عباسیہ کتبخانہ کے ساتھ وابستہ ہو گئے۔ یہ اچھے کاتب تھے۔ انہوں نے قرآن مجید کا ترجمہ کیا جو عباسیہ کتبخانہ جونا مارکیٹ نے طبع کرایا تھا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۱٦) ترجمه پاره الم : کتب خانه شاه ولی الله اورینٹل کالج منصوره سندھ یه پهلے پارے کا منظوم ترجمه ہے۔ سندھی بہت هی قدیم معلوم هوتی ہے۔ مخطوطه موجود ہے۔ (۲۲)

(۱۷) ترجمه پاره المّ از احمد علی حاجی عبدالله لغاری طبع اول صفحات ۳٦ مطبوعه انڈس پرنٹنگ پریس حیدر آباد (۱۹۷۰ء)

(۱۸) ترجمه پاره عمّ از احمد علی حاجی عبدالله لغاری طبع اول صفحات ۵٦ مطبوعه نشاط پرنٹرس پریس حیدر آباد ، ۱۹۷۱ء ـ (۲۳)

(۱۹) ترجمه پاره سیقول از محمد عمر شیخ ، شائع کرده ایمکو لاڑکانه ۱۹٦٦ء ـ

(۲۰) پنج سوره مترجم از قاری عزیز احمد، صفحات ۱۱۲ مطبوعه از خورشید عالم پریس لاهور ، سال ۱۹٦۷ء ، اشاعت مولوی محمد عظیم تاجر کتب شکار پور۔ (۲۴)

غیر مطبوعه تراجم قرآن مجید :۔

(۱) ترجمه قرآن مجید از مولوی عبدالغفور کهڈه کراچی :۔

مولوی عبدالغفور مولانا محمد صادق مرحوم (ولادت ۱۵ ـ مارچ ۱۸۷۴ء م ۱۸ جون ۱۹۵۳ء) کهڈه والوں کے قریبی عزیز اور داماد تھے۔

انہوں نے مولانا عبیدالله سندھی رحمه الله سے بھی تعلیم حاصل کی تھی ، اس لئے انہیں قرآن مجید کی تعلیم عام کرنے کا ذوق و شوق تھا ـ لہذا انہوں نے سندھ ماڈرن پبلشنگ هاؤس کے سابق مالک میاں بشیر احمد مرحوم کے تعاون سے قرآن مجید کا ترجمه شروع کیا ـ ان کا ترجمه بامحاوره ، سلیس اور عام فہم ہے۔ ترجمه کے ساتھ مختصر تشریحی نوٹ بھی هیں ـ ترجمه کے ابتدائی اڑهائی پاروں پر نظرثانی مخدوم امیر احمد مرحوم حیدر آبادی نے کی نیز مولانا محمد مدنی رحمه الله اور مولانا غلام مصطفی قاسمی صاحب نے ترجمه ملاحظه

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیا ہے۔ اس کے پانچ پارے طبع ہوئے تھے کہ بشیر احمد صاحب کا انتقال ہو گیا۔ یہ مکمل ترجمہ بشیر احمد مرحوم کے بیٹے عبدالستار صاحب کے پاس محفوظ ہے۔ (۲۵)

(۲) ترجمہ قرآن مجید از مولانا علامہ غلام مصطفی قاسمی مدظلہ

اس ترجمے کے بارے میں مولانا غلام مصطفی قاسمی نے خود تحریر فرمایا ہے کہ ,,شیخ غلام علی اینڈ سنز نے مجھ سے بامحاورہ ادبی رنگ میں قرآن مجید کا سندھی ترجمہ لکھوانا شروع کیا، تفسیری نوٹ بھی اس کے ساتھ تھے۔ ۱٦ پاروں تک میں نے کام کیا لیکن مزید تجارتی معاملہ طے نہ ہو سکا اور مجھے کام روکنا پڑا۔ یہ سولہ پارے ابھی تک شیخ صاحب کے پاس رکھے ہوئے ہیں۔ مجھے اپنی محنت کا ابھی تک افسوس ہے۔ (۲٦)

(۳) ترجمہ سندھی ,,کنز الایمان،، از احمد رضا خان بریلوی رحمہ اللہ مترجم مولانا مفتی عبدالرحیم سکندری۔ یہ ترجمہ مفتی عبدالرحیم سکندری صاحب نے حال ہی میں مکمل کیا ہے اور اس وقت طباعت کے مرحلے میں ہے۔ مفتی صاحب سندھ کے اچھے مدرسین میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ نے یہ ترجمہ بڑی عرق ریزی سے کیا ہے اور عمدہ طریقے سے اسے طبع کرا رہے ہیں۔ (۲۷)

(۴) ترجمہ قرآن مجید از مولانا عبدالکریم بیر شریف :۔

مولانا عبدالکریم صاحب کا سندھ کے جید علماء و مدرسین میں شمار ہوتا ہے آپ ساری عمر مختلف مدارس میں درس دیتے رہے ہیں۔ اس وقت بھی بیر شریف میں جو کہ مولانا کا آبائی گاؤں ہے درس تدریس میں مشغول ہیں، اس کے ساتھ ساتھ مولانا سیاست میں بھی حصہ لیتے ہیں اور بالائی سندھ میں خصوصی سیاسی اثرات رکھتے ہیں۔ مولانا نے یہ ترجمہ کافی محنت اور طویل عرصہ صرف کر کے کیا ہے جو سندھی زبان کے تراجم میں اچھا اضافہ ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نیز یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اب مولانا قرآن مجید کی تفسیر لکھہ رہے ھیں ۔

(۵) ترجمہ قرآن مجید از مولانا حماد اللہ هالیجوی رحمہ اللہ ،

مولانا نے قرآن مجید کا مکمل ترجمہ کیا اور کچھہ تفسیر بھی لکھی لیکن یہ تاحال طبع نہیں ہوا ۔ (۲۸)

## سندھی تفاســـیر

### ۱) تفسیر ہاشمی از مولانا محمد ہاشم ٹھٹوی

سندھی زبان میں قرآن مجید کے تراجم کے بعد سندھی میں لکھی گئی تفاسیر کا جائزہ لیا جائے تو سب سے پہلے تفسیر ہاشمی کا درجہ آتا ہے اس لئے کہ یہ سب سے قدیم اور پہلی تفسیر ہے جو اسوقت موجود ہے ۔

اس تفسیر کے مصنف مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی ھیں ۔ مخدوم صاحب خِطۂ سندھ کے جیّد اور کبار علماء میں سے ھیں ۔ آپ ۱۰ ۔ ربیع الاول ۱۱۰۴ھ میں بمقـــام ٹھٹہ پیدا ہوئے اور ۸ ۔ رجب ۱۱۷۴ھ مـیں انتقـال کیا ۔ آپ شاہ ولی اللہ کے معاصرین میں سے تھے ۔ مولانا موصوف سندھی ، فارسی اور عربی میں تقریباً ۱۵۰ کتابوں کے مصنف ھیں ۔ ان میں سے کافی کتابیں چھپ چکی ھیں اور بعض کا اردو اور سندھی میں ترجمہ بھی ہو چکا ہے (۲۹)۔ آپ ساری عمر ٹھٹہ میں قیام پذیر رہے اور یہیں انتقال کیا ۔ » اگر آپ یہ تفسیر مکمل کرتے تو جس طرح شاہ ولی اللہ صاحب کا فارسی ترجمہ برصغیر میں مستقبل کے مترجمین و مفسرین کیلئے مشعل راہ بنا اسطرح خِطۂ سندھ کے علماء کیلئے یہ تفسیر اور ترجمہ راھنمائی کا کام دیتا ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ تفسیر پارہ عمّ اور تبارک الذی کی ہے اور قدیم سندھی نظم میں ہے تیسویں پارے کا ترجمہ اور تفسیر بمبئی کے کریمی پریس سے ڈمی سائز میں ۵۰۳ صفحات پر مشتمل طبع ہوئی تھی ۔

یہ تفسیر کیوں اور کب لکھی گئی ۔ اس کا جواب خود مترجم و مصنف مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی رحمہ اللہ علیہ نے اشعار میں دیا ہے۔ جسکی تلخیص درج ذیل ہے : ۔

,,اے مومنو!اچھی طرح کان لگا کر سنو کہ اللہ تعالی نے قرآن مجید حق کیساتھ اپنے پیغمبر پر نازل فرمایا جو بلا شک صحیح و سچی خبریں سناتا ہے۔ اللہ تعالی کی طرف سے وحی آئی پھر جنھوں نے اسکی پیروی کی ان کا ایمان سچا ہے ..... آخری پارے کی طرف لوگوں کی توجہ زیادہ ہے اسلئے کہ ہر چھوٹا بڑا آدمی نماز میں اسے شوق سے پڑھتا ہے۔ پھر اسکی سورتیں اور آیتیں مختصر ھیں لیکن ان کے معنی کا سمجھنا مشکل ہے۔ لہذا میں نے اس کا عربی سے سندھی میں ترجمہ کیا ہے۔ یہ کام میں نے ۱۷ شعبان ۱۱۶۲ ھ میں شروع کیا اور اسکا نام ,,تفسیر ھاشمی ،، رکھا ۔ یا اللہ تو اپنے فضل سے مجھ پر رحم فرما ۔ ،،

تفسیر ھاشمی کی زبان اور رسم الخط کی اصلاح حاجی احمد خان ابڑو نے کی اور فردوس پریس حیدر آباد سے اسے شائع کیا ۔ (۳۰)

**۲) ارشاد الصدیقین لھدایۃ المتقین ۔ معروف ,,تفسیر کوثر ،، شاہ مردان ( ترجمہ و تفسیر )**

مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی کے ترجمہ اور تفسیر کے بعد یہ پہلی تفسیر ہے جو ۱۲۹۰ھ میں مکمل ہوئی ۔ اس ترجمے اور تفسیر کا مؤلف مولانا محمد صدیق حیدرآبادی ہے۔ یہ ترجمہ پیر حزب اللہ شاہ پاگارے کے حکم اور ایماء سے لکھا گیا ۔ اسلئے اس کی پیر پاگارہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خاندان کی طرف نسبت کی جاتی ہے۔ خود مترجم و مؤلف نے سندھی اشعار میں اپنے اس عظیم دینی کام کا تعارف اسطرح کرایا ہے۔

,,سچے سید سخی سجادہ نشین صاحب دستار (پاگارے) نے صدق دل سے مجھے یہ حکم دیا جنکا اسم گرامی ,,حزب اللہ ،، ہے جو کافروں پر بڑے بھاری ھیں۔ انہوں نے مجھ ضعیف پر یہ بوجھ ڈالا کہ صاف سندھی زبان میں تفسیر قرآن کروں۔ جس سے محبوں کے دلوں کو ٹھنڈک حاصل ھو اور جو دشمنوں کیلئے غم ھو .......... ،،

یہ تفسیر ۲۰ محرم الحرام ۱۲۹۲ھ میں مکمل ھوئی۔ اس ترجمہ و تفسیر کی تصنیف تو مذکورہ بالا سن میں ھو چکی تھی۔ البتہ طباعت دیر سے ھوئی۔ پہلی طباعت لیتھو میں ہے اور سن طباعت ۱۳۲۷ھ اور ۱۳۳۰ھ ہے۔ یہ دس، دس پاروں کی تین ضخیم جلدوں میں طبع ھوئی (بقول مولانا غلام مصطفی قاسمی صاحب ) اسکی پہلی جلد انہوں نے نہیں دیکھی البتہ دوسری اور تیسری جلد انہوں نے ملاحظہ کی ہے۔ دوسری جلد کے صفحات ۸۶۴ سن طباعت ۱۳۲۷ھ اور تیسری جلد کے صفحات ۸۱۱ سن طباعت ۱۳۳۰ ھ ہے۔

اس تفسیر کا کاتب محمد عمر بختیارپوری (ضلع دادو) کا مشہور محقق اور عالم ہے۔ اس نے اپنی طرف سے تفسیر پر ایک نوٹ بھی لکھا ہے جو یہ ہے۔ ,,یہ تیسرا حصہ کتاب مستطاب تفسیر کوثر شاہ مردان، تاریخ پندرہ ماہ شعبان المعظم ۱۳۳۰ھ (تیرہ سو تیس) میں از دست خاکسار ذرہ بے مقدار شکستہ قلم ناقص رقم المفتاق المفتقر الی رحمة ربہ الاکبر ابو ابراھیم محمد عمر سندی بختیارپوری مکمل ھوا۔

مولانا محمد عمر نے اس تفسیر کی تقریظ سندھی نظم میں لکھی ہے۔ جس میں انہوں نے پہلے حضرت شاہ مردان شاہ پیر پگارہ کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تعریف کی ہے۔ ,,ان سردار (پیر صاحب) نے اللہ تعالی کی اعانت و راھنمائی سے اپنے خرچ پر ثواب کی نیت سے اسے طبع کرایا۔ آخرت میں اجر و ثمر کیلئے یہ کام کیا۔ اسطرح پہلا حصہ (جلد) مکمل ہوا۔

اس کام میں تفسیر کے مؤلف (مولانا محمد صدیقؒ) کے فرزند عالم فاضل عبداللطیف نے بھی مدد کی ہے۔ پھر تفسیر کے باقی دو حصے اللہ جلّ شانہ کے اذن سے تیار ہو کر طبع ہوئے۔ ان دو حصوں کی طباعت میں حاجی احمد حریری (پاٹولی) نے اللہ کی رضا اور اجر آخرت کیلئے تعاون کیا ،،۔

آخر میں لکھتے ھیں : ,,مسکین محمد عمر عاجز، عاصی پر رب تعالی رحم فرمائے۔ تفسیر کے طبع ہونے کی تاریخ ۱۳ رمضان المبارک ۱۳۳۰ھ ہے۔ اللہ تعالی پیر پاگارے کو آخرت میں اجر جزیل عطا کرے ، دین کی خدمت کی توفیق دے اور اولاد کو نیک و صالح کرے ،،۔

تفسیر کوثر کے متنِ قرآن کی تصحیح حافظ گل محمد حیدر آبادی نے کی جیسا کہ آخر میں مرقوم ہے : صحیح کنندہ حافظ گل محمد حیدر آبادی ، باھتمام منشی احمد دین لاھوریہ مالک دبدبہ حیدریہ مشین پریس ,,اسکی ایک عمدہ طباعت سید سردار علی شاہ مرحوم ایڈیٹر مھران کے تعاون سے شیخ غلام علی اینڈ سنز لاھور نے ۱۹۶۳ء میں کی ہے۔ ایک اعلی ایڈیشن اور ایک ھلکا ایڈیشن چھاپا ہے ( اس ایڈیشن کو پانچ جلدوں میں شائع کیا گیا ہے ) علمی لحاظ سے یہ تفسیر معتدل مسلک پر مشتمل ہے۔

اس کے بعد یہ تفسیر بہترین ٹائپ میں محمد عثمان ڈیپلائی کی کوشش و تصحیح سے پانچ جلدوں میں قرآن پریس حیدر آباد سے ۱۹۷۲ء میں طبع ہوئی۔ ڈیپلائی صاحب نے ابتدائی لیتھو طباعت کی زبان اور صورت خطــی کی اصلاح کر کے جدید صورت خطی میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



منتقل کیا ہے اور اسکے ساتھ پرانہ طرز تحریر بھی تبدیل کیا ہے مثلاً ,,پھر آیا پاس اس کے ,,کو درست کر کے موجودہ محاورے، پھر اس کے پاس آیا ،، کر دیا ہے اور تقریباً دو ہزار صفحات محنت کر کے دوبارہ مرتب کئے ھیں - جسکی وجہ سے اس کی افادیت بڑھ گئی ہے - (۳۱)

۳ - تفسیر مفتاح رشد اللہ از قاضی فتح محمد نظامانی

سندھ میں راشدی خاندان کی دینی ، روحانی ، علمی ، سماجی اور سیاسی خدمات سے سندھ کا ہر باشعور باشندہ باخبر ہے - اس وقت اس خاندان کی معروف دو شاخیں ھیں - ایک پیر پگارو کا خاندان جن کا مرکز پیر جو گوٹھ ضلع خیرپور میرس ہے - اور دوسری شاخ پیر جھنڈے والے حضرات جو پیر جھنڈو نزد سعید آباد ضلع حیدر آباد میں مقیم ھیں - مؤخر الذکر حضرات کی علمی و روحانی خدمات بہت زیادہ ھیں - انہوں نے مختلف اوقات میں علم دین کی اشاعت ، توحید کی تعلیم اور شرک و بدعت کی بیخ کنی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے -

ان حضرات میں حضرت مولانا محدث پیر رشداللہ شاہ جھنڈے والے بزرگ گزرے ھیں - انہیں ,,خلافت دھنی ،، کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے - انہوں نے حدیث کی کتاب طحاوی کے رجال پر ایک عالمانہ کتاب تصنیف کی جو دیوبند سے طبع ہوئی - نیز پیر صاحب نے پیر جھنڈے میں ایک دینی مدرسے کی بنیاد رکھی جو آگے چل کر سندھ کے دینی مدارس میں منفرد حیثیت کا مدرسہ بنا اور مولانا عبیداللہ سندھی نے اس میں درس دیا - اسطرح پیر صاحب نے ایک بڑی لائبریری قائم کی جو ایک دور میں برصغیر کی بڑی لائبریریوں میں شمار ہوتی تھی -

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پیر صاحب کے ان کارناموں کے ساتھ ایک بڑا قابل قدر اھم کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے قرآن مجید کا ترجمہ اور تفسیر قاضی فتح محمد نظامانی سے سندھی میں لکھوائی ۔ اس تفسیر کا نام تفسیر ,,مفتاح رشد اللہ ،، ہے۔ یہ تین جلدوں میں ہے۔ یہ تفسیر ایک مرتبہ مخدوم محمد صدیق نورنگ پوتہ نے مطبع حسینی بندر روڈ بمبئی سے طبع کروائی ۔

تفسیر کے آخر میں مؤلف کی طرف سے ایک نوٹ لکھا گیا ہے جس سے سال تالیف اور اسکی ابتداء کا علم ھوتا ہے۔

,,اللہ جل شانہ کیلئے ہزار ھا حمد ھوں؛ جس نے اپنی توفیق اور مہربانی سے پہلے پارے کی تفسیر آج بروز جمعہ نماز جمعہ ادا کرنے کے بعد جمادی الاولی کے مہینے کی ۱۵ تاریخ سال تیرہ سو چھ (۱۳۰۶ھ)میں پوری کرائی اور مزید توفیق عطا فرمائے گا ۔ جس سے آگے تفسیر شروع کرونگا ،، ۔ اس کی ایک طباعت و اشاعت ۔ محمد سعید کمپنی کراچی سے ۱۹۵۲ء میں ھوئی ۔

یہ تفسیر اپنے مضامین ، مندرجات اور تفسیری روایات کے لحاظ سے بہترین تفسیر ہے۔ اس میں تصوف کا رنگ غالب ہے۔ سندھی زبان کی تفاسیر میں بہترین علمی سرمایہ ہے۔ (۳۲)

**۴ ۔ تفسیر تنویر الایمان فی تفسیر القرآن (مکمل ترجمہ و تفسیر ) از مولانا محمد عثمان بن حافظ محمد نورنگ زادہ**

مولانا محمد عثمان اپنے وقت کے بڑے متقی عالم تھے ۔ یہ قریہ کھوررواہ تعلقہ گونی ضلع ٹھٹہ کے رھنے والے تھے ۔ لیکن زیادہ عرصہ کراچی میں گزارا اور برس ھا برس سندھ مدرسة الاسلام میں فقہ کے معلم رہے اس عرصے میں یہ ترجمہ اور تفسیر لکھی ۔ چنانچہ تفسیر کے مقدمے میں اس طرح رقمطراز ھیں :

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



,,کثیر العصیان محمد عثمان بن قدوۃ الحفاظ مرحوم حافظ محمد نورنگ زادہ عرض کرتا ہے کہ ہر کلام کی عزت ، عظمت و بڑائی متکلم کی قدر کے مطابق ہوتی ہے اور ہر ایک جانتا ہے کہ کلام اللہ تمام کلاموں کا سردار اور بادشاہ ہے۔ کیونکہ اس کا متکلم خود اللہ تعالی ہے۔ ,,آگے چل کر لکھتے ہیں کہ " مجھے یقین ہے کہ مجھ جیسے ناقص ، کم فہم و کم علم کا کیا مقام ہے کہ اس کلام پاک کی تفسیر کرے ..... لیکن معلوم ہو کہ اس وقت پورے ملک میں اور خصوصاً سندھ میں جناب معلی القاب ، فیاض زمان ، ھادی گمراھاں حضرت پیر حاجی سید رشداللہ ، صاحب العَلَم (جھنڈے والے ) جیسا علم شریعت کا جاننے والا کوئی نہیں ہے اور بحرِ حقیقت کا غواص بھی کوئی نہیں ہے ..... " اسکے بعد پیر صاحب کی مدح میں اشعار دیئے ھیں جنھیں طوالت کی وجہ سے چھوڑتے ھیں ۔

پھر آگے چل کر لکھتے ھیں کہ ,,اس تفسیر کا پہلا پارہ تیار کر کے حضرت پیر صاحب کی خدمت میں پیش کیا اور عرض کی کہ اسکی اصلاح فرمائیں ، نام تجویز کریں اور دعا فرمائیں ، چنانچہ آپ نے مہربانی کر کے اس تفسیر کو پڑھا کچھ اصلاح فرمائی اور اسکا نام ,,تنویر الایمان فی تفسیر القرآن " رکھا " ۔

فاضل مترجم و مؤلف نے ترجمہ اور تفسیر لکھتے وقت درج ذیل تفاسیر اپنے سامنے رکھیں ۔ (۱) تفسیر بیضاوی (۲)تفسیر کبیر (۳)خازن (۴)معالم التنزیل (۵)جمل (۶)مدارک (۷)تفسیر ابن عباس (۸)جلالین (۹)تفسیر عزیزی (۱۰) حسینی (۱۱) بحر مواج (۱۲) تفسیر رؤفی (۱۳) خلاصۃ التفاسیر (۱۴) تفسیر ثنائی ۔

اس تفسیر کا پہلا پارہ لیتھو میں بڑے سائز پر مولوی عبداللطیف بن مولوی محمد صدیق تاجر کتب جونا مارکیٹ کراچی نے اپنے مطبع

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حسنی بمبئی سے ۱۴ رجب ۱۳۲۸ ھ میں طبع کیا ۔ اس پارے کے کاتب عبدالکریم ھیں ۔ دوسرے پارے کو حاجی احمد ، ریشم فروش (پاٹولی ) فقیر کاپــڑ حیدر آباد سندھ نے اپنے خرچ سے چھپوایا ۔ اس کے بعد اس تفسیر کو بڑے سائز میں تیس پاروں میں علیحدہ علیحدہ اور مجموعے کی صورت میں آٹھ جلدوں میں مولوی محمد عظیم اینڈ سنز تاجر کتب شکار پور نے شائع کیا ہے جو اس وقت بھی بازار میں موجود ہے یہ تفسیر اپنی زبان ، فصاحت ، اور زور بیان کے لحاظ سے معیاری ہے۔ سندھ کے معاشرتی و سماجی مسائل اور غلط عقائد کی خاص طور پر نشان دھی کی گئی ہے۔ البتہ کھیں کھیں اسرائیلیات بھی موجود ھیں ۔ (۳۳)

نوٹ : یہ تینوں تفاسیر یعنی نمبر ۱ ، ۲ ، ۳ ایک ھی دور میں لکھی گئیں اور انکی اولین اشاعتیں بھی ایک ھی دور میں ھوئی ھیں۔

### ۵) کلام اللہ مترجم مرتضائی مع تفسیر ضیاء الایمان

تفسیر تنویر الایمان سندھی کی مقبولیت و پذیرائی کو دیکھتے ھوئے شیعہ اثنا عشری نے اسی طرز اور سائز پر یہ ترجمہ اور تفسیر اپنے عقائد کے مطابق تیار کی اس تفسیر کے ابتداء میں دو پارے مارکیٹ میں آئے بعد میں مکمل تفسیر شائع ھوئی۔

بروایت جناب عبدالـرسول مالک عباسی کتب خانہ جونا مارکیٹ کہ ,,مکمل تفسیر طبع ھوئی جو محبان علی علیہ السلام میں ھاتھوں ھاتھ فروخت ھو گئی ،،

اس تفسیر کا تعارف اسطرح کرایا گیا ہے کہ ,,یہ قرآن مجید کا بامحاورہ سندھی میں ترجمہ ہے جسکی محبان اھلِ بیت کو ایک مدت سے آرزو تھی ، فوائدِ تفسیری مطابق مذھب اھل بیت مولوی میاں محمد خان مرتضائی نے تیار کیا اور باھتمام در محمد جمالی کاتب نعمانی ، در مطبع جارج سٹیم لاھور طبع شد ،، ۔ (۳۳)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



٦) **تفسیر احمدی از احمد بن کرم اللہ مخدوم نورنگ پوٹو**

یہ ایک چھوٹی سی تفسیر ہے جو فقط تیسویں پارے کے ترجمہ و تفسیر پر مشتمل ہے اور ڈمی سائز میں ۱٦۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ مترجم نے ابتداء میں حمد و صلوٰۃ کے بعد لکھا ہے کہ ,,مجھ نادان ، انجان گنه گار کے دل میں ایک دن یہ خیال آیا کہ اس جہان بے امان کو بقا نہیں ہے اور زندگی پر کوئی بھروسہ نہیں ہے۔ اس لئے کوئی ایسا کام کرنا چاهئیے کہ جس سے دارین کا فائدہ حاصل ہو۔ پھر ایک دوست نے مشورۃً لکھا کہ کوئی ایسی کتاب سندھی میں لکھیں جو سندھی خوانده ، کم پڑھے لکھے لوگوں کیلئے مفید ہو۔ یہ کتاب تفسیر شریف کلام اللہ کے آخری پارے کی ہو ....... الحمدللہ کہ اللہ تعالی کے فضل و عنایت سے یہ کام مکمل کیا اور تفسیر احمدی نام رکھا،،۔

اس تفسیر کے مادہ تاریخ کو اس دور کے بعض اهل علم نے سندھی میں منظوم کیا ہے۔ ہم یہاں صرف وہ شعر نقل کرتے ہیں۔ جس سے تاریخ تفسیر نکلتی ہے۔ چنانچه مخدوم مولوی نور محمد صاحب نورنگ زادہ سابق پیش امام مسجد میمن گاڑی کھاته آرام باغ کراچی نے لکھا۔

نور کي تاریخ هاتف هي چئي     احمدی تفسیر فرقانی عجیب

۱۳۱۹ھ

مولانا محمد عثمان نورنگ زادہ معلم فقه (سندھ مدرسه) نے تقریظ لکھی جسکا وہ شعر عرض ہے جس سے تاریخ نکلتی ہے۔

قم وا کتب انت تاریخ عجیب     احمدی تفسیر قرآن قدیم

۱۳۱۹ ھ

مصنف نے خود بھی مادہ تاریخ کے بارے میں دو بیت لکھے ہیں۔

بعد تفسیر کلام پاک رب     سال هجری کیم دل کان طلب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



غیب کان آواز ھی آندم پڑھم
,,احمدا،، لک خوب خاصی باادب (۳۵)
۱۳۱۹ھ

۷) ترجمة القرآن مع تفسیر الفرقان ، مولانا محمد مدنی (م ۱۹۷۹ء)

مولانا مرحوم کی سوانح حیات تراجم قرآن مجید کے بیان میں ———— ھم نے بیان کی ہے۔ مولانا کی یہ مختصر تفسیر ہے جو انھوں نے قرآن مجید کے حاشیے پر لکھی ہے۔ حاشیہ زیادہ تر شاہ ولی اللہؒ کے فلسفہ اور تفسیری نکات پر مشتمل ہے،مرحوم نے بہت عمدہ طریقے سے آسان سندھی میں شاہ صاحب کے مشکل مسائل کو بیان کیا ہے۔

یہ ترجمہ و تفسیر ۱۹۳۱ء میں لیتھو میں چھپے اور اسکے بعد دوبارہ نئی اصلاح کر کے شائع کئے گئے جو ھاتھوں ھاتھ فروخت ہو گئے ۔ (۳۶)

۸) ترجمہ و تفسیر پارہ ۲۶ از مولانا محمد مدنیؒ

یہ ترجمہ و تفسیر ۲۶ پارے کی ہے جو رائل سائز میں ۱۰۵ صفحات پر مشتمل ہے۔ یہ شیام آفسٹ لیتھو ورکس لمیٹڈ کراچی میں چھپی مولانا اسکے بارے میں لکھتے ھیں ,,اس موجودہ تفسیر میں میں نے یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ نقلی دلیلوں کو عقلی رنگ میں پیش کیا جائے تاکہ قرآن مجید سمجھنے میں کوئی اشکال نہ رھے اور ھمارے نئے روشن خیال بھائیوں کے دلچسپی کا باعث ھو ۔ اس غلام نے اللہ تعالی کے فضل و کرم سے پورے قرآن مجید کی تفسیر کا مسودہ مکہ مکرمہ (زادھا اللہ شرفاً و تعظیماً ) میں رہ کر اس طرز پر تیار کیا ہے،، ۔ (۳۷)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**( ۹، ۱۰) ترجمه و تفسیر پاره ۲۶ ، ۲۷ از مولانا محمد مدنیؒ**

یه ان دو پاروں کی الگ الگ تفسیر ہے اور علیحدہ علیحدہ طبع شدہ ھیں ۔ ۲۸ پارے کی تفسیر رائل سائز کے ۱۳۳ صفحات پر مشتمل ہے۔ یہ تفسیر بھی شاہ ولی اللہ کے فلسفے کے مطابق لکھی گئی ہے۔ اور نقلی دلائل کو عقلی رنگ میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ سال طباعت ۱۳۵۸ ھ ہے۔

**(۱۱) تفسیر معلم القرآن ربع پارہ عمّ : از قاضی عبدالرزاقؒ**

قاضی صاحب کی شخصیت کے بارے میں اس سے قبل ھم ان کے تراجم قرآن کے بیان میں ذکر کر چکے ھیں کہ انھیں قرآن مجید سے گھرا شغف تھا ۔ جسکی وجہ سے انھوں نے قرآن مجید کے تین تراجم کئے اور دو کتابیں تفسیر پر تالیف کیں ۔ اس شغف کی اھم وجہ یہ ہے کہ انکے اساتذہ میں مولانا عبیداللہ سندھیؒ اور مولانا محمد عثمان نورنگ زادہ جیسی شخصیات شامل تھیں۔ جسکی وجہ سے قرآن مجید کی خدمت کو انھوں نے اپنا مقصد زندگی بنایا اور آخر وقت تک قرآنی دعوت کو عام کرنے میں مصروف رھے :۔

مذکـورہ تفسیر صرف پارہ عمّ کے ربع اخیر کی ہے جو ۱۰۴ صفحات پر ٹائپ میں طبع ھو کر شائع ھوئی ہے۔ (۳۸)

**(۱۲) تفسیر فتح الرحمن از قاضی عبدالرزاق مرحوم**

یہ قاضی صاحب کی دوسری تفسیر ہے جو انھوں نے موجودہ دور کے تقاضوں کو مدّنظر رکھتے ھوئے لکھی ہے۔ کتابی سائز میں ۲۳۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ یہ تفسیر نئی سندھ پریس کراچی سے طبع ھو کر مدینہ دارالاشاعـت کراچی سے ۱۹۵۴ء میں شائع ھوئی ۔ یہ دارالاشاعت بھی قاضی صاحب کا قائم کردہ ہے۔ (۳۹)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**۱۳)　تفسیر سورۃ سبا (تمدن عرب ) از مولانا غلام مصطفی قاسمی**

یہ سورۃ سبا کی جدید رنگ میں تفسیر ہے۔ جسے مولانا عبیداللہ سندھی کے افادات کی روشنی میں مولانا غلام مصطفی قاسمی صاحب نے مرتب کیا ہے۔ رائل سائز میں پاکستان سے پہلے لیتھو میں شائع ہوئی ۔ (۴۰)

**۱۴)　تفسیر پارہ عمّ از مولوی مہرو ولد سرھیو ولد موٹیو ساکن پران لوئر سندھ**

انہوں نے پارہ عمّ کی تفسیر ۱۲۰۶ھ میں مرتب کی ۔ تفسیر کی زبان ٹھٹہ کے علماء کی زبان سے مشابہت رکھتی ہے۔ یہ تفسیر بھی منظوم ہے۔ جو لیتھو میں چھپی ہے صفحات ۵۷۴ ھیں ۔ (۴۱)

**۱۵ ۔　تفسیر سورۃ یوسف از مخدوم عبداللہ ٹھٹوی ، وفات ۱۱۸۰ھ**

مخدوم صاحب ٹھٹے کے مشہور علماء میں سے تھے ۔ کئی سندھی کتابوں کے مصنف تھے۔ انہوں نے سورۃ یوسف کی منظوم تفسیر لکھی جو قلمی صورت میں موجود ہے ۔ (۴۲)

**۱۶)　ترجمہ تفسیر ربع عمّ از مولوی عبدالرحیم منگسی**

یہ ایک چھوٹی سی ڈمی سائز میں ۱۳۶ صفحات پر مشتمل لیتھو میں چھپی ہوئی ہے ۔ مولوی عبدالرحیم سندھ مدرسۃ الاسلام میں فقہ کے معلم رہے ھیں ۔ کتاب کے آخر میں چند علماء کی تقاریظ موجود ھیں ۔ مثلاً مولانا عبدالکریم ، حافظ غلام رسول قادری اور حکیم عبدالخالق وغیرہ ۔ (۴۳)

**۱۷)　درس قرآن چار حصے : مترجم محمد حسن بھٹو**

یہ درس کا سلسلہ سیرت کمیٹی لاھور نے اردو میں شروع کیا تھا۔ اسے فقیر محمد حسن بھٹونے سندھی میں ترجمہ کر کے مفت تقسیم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیا ـ یہ سلسلہ قرآنی تعلیم کو عام کرنے کیلئے نہایت کارآمد و مفید تھا ـ اگر یہ سلسلہ جاری رہتا تو ایک آسان اور عام فہم تفسیر تیار ہو جاتی (۳۴)

**۱۸) ترجمہ و تفسیر سورۃ یٰسٓ از قاضی عبدالکریم ساکن کھاھی کڈھن ضلع نواب شاہ**

یہ بزرگ اٹھارویں صدی عیسوی کے ھیں ـ انہوں نے الف اشباع کی نظم میں سورۃ یٰسٓ کا ترجمہ و تفسیر لکھی ہے ـ جو غیر مطبوعہ ہے ـ (۳۵)

**۱۹) الہام الرحمن (تفسیر پارہ الم) از مولانا عبیداللہ سندھی ترجمہ سندھی از مولانا دین محمد وفائی و مولانا غلام مصطفیٰ قاسمی**

مولانا عبیداللہ سندھی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات میں سے ایک اہم خدمت قرآنی تعلیمات کی اشاعت ہے ـ چنانچہ وہ جہاں رہے درس دیتے رہے ـ انکے تفسیری نکات و ارشادات کی اشاعت کیلئے مولانا محمد صادق کھڈہ کراچی کی زیـــر سرپرستی بیت الحکمت نامی ایک ادارہ قائم کیا گیا جسکا مقصد یہ تھا کہ مولانا سندھیؒ کے تفسیری نوٹس مختلف زبانوں میں شائع کئے جائیں ـ

سندھی میں تفسیر کا کام مولانا دین محمد وفائی نے شروع کیا اور نصف پارہ تک لکھ پائے تھے کہ اجل نے ہاتھ روک دیا اور راھی بعدم ہوئے ـ انکے بعد یہ کام مولانا غلام مصطفی قاسمی صاحب نے شروع کیا اور پارہ الم مکمل کر کے بیت الحکمت کی طرف سے الوحید پرنٹنگ پریس لیتھو میں طبع کرا کے ۱۹۵۲ء میں شائع کیا ،، ـ اس تفسیر کا دوسرا ایڈیشن ماسٹر عبدالواحد سعید آبادی نے ٹائپ میں ۱۹٦٦ء میں شائع کیا ـ جو ۲٦۴ صفحات پر مشتمل ہے اور جلد ھی ختم ہو گیا راقم الحروف نے اس کا مطالعہ کیا ہے ـ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علامه مولانا غلام مصطفی قاسمی صاحب اس تفسیر پر مزید کام کر رہے ہیں اور انکے ارشاد کے مطابق جلد ہی دیگر پارے شائع ہو جائینگے ۔ (۳۶)

**۲۰) تفسیر سورۃ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مترجم مولوی محمد یوسف ندوی**

یہ تفسیر دراصل شیخ بشیر احمد لدھیانوی نے مولانا عبیداللہ سندھی کے تفسیری افادات سے جمع کر کے اردو میں شائع کی تھی ۔ جسکا ترجمہ مولوی محمد یوسف ندوی تحصیل ھالا نے ماسٹر میاں عبدالوارث سعید آبادی کے حکم سے سندھی میں کیا اور لیتھو میں کراچی سے ۱۹۵۸ء میں شائع ہوا ۔ اس کی طبع اول ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گئی اور دوسری بھی بازار میں آ گئی ہے ۔ صفحات ۱۲۸ (۳۷)

**۲۱) تفسیر معارف القرآن تصنیف مولوی عبدالخالق کنڈیاروی (ضلع نواب شاہ)**

مولوی عبدالخالق مرحوم نے ایک بڑی اہم اور عملی تفسیر نئے رنگ ڈھنگ سے لکھنی شروع کی اور تقریباً پانچ پارے لکھے تھے کہ اجل نے ان کا ہاتھ روک دیا ـــــ مولوی ابوالہاشم عبدالخالق کنڈیاروی سندھی زبان کے اچھے ادیب گزرے ہیں ۔ اگر اجل مہلت دیتی تو سندھی میں ایک عمدہ تفسیر تیار ہو جاتی ۔

پہلے پارے کی تفسیر ۱۹۴۴ء میں وقف و مسجد سوسائٹی حیدرآباد کی طرف سے شائع ہوئی اور دوسرے پارے کی تفسیر ۱۹۴۸ء میں اسی سوسائٹی کی طرف سے شائع ہوئی ۔ اس کا سائز $\frac{۲۰\times۳۰}{۸}$ ہے ۔ ۲۵۶ صفحات پر بلاک اور عمدہ ٹائپ میں شائع ہوئی ۔

دوسرے پارے کی تفسیر کے دیباچے میں وقف سوسائٹی کے صدر الحاج محمد صدیق میمن مرحوم نے اس تفسیر کا تعارف اسطرح کرایا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کہ ,,الحمدللہ معارف القرآن کا پہلا پارہ سال ۱۹۴۴ء میں طبع ہو گیا ہے ۔ لیکن بعض مجبوریوں کی وجہ سے دوسرے پارے کی اشاعت کا کام اتنے سال رکا رہا ۔ علاوہ ازیں مرحوم و مغفور مولوی عبدالخالق صاحب کی ناگہانی وفات کی وجہ سے تالیف کا کام بھی معطل ہو گیا مولوی صاحب اپنی حیات میں ۵ پارے تیار کر گئے تھے جن میں سے یہ دوسرا پارہ طبع کرایا گیا ہے یہ تفسیر ۲۵٦ صفحات پر مشتمل ہے ۔ سائز رائل اور کاغذ سفید ہے ۔ سال اشاعت ۱۹۴۸ء حیدر آباد (۴۸)

**۲۲) تفسیر سورۃ یوسف علیہ السلام : تالیف مولانا عبداللہ لغاری مرحوم**

مولانا عبداللہ صاحب لغاری سندھ کے بڑے عالم و مفسر تھے ۔ جنھوں نے اپنی عمر عزیز کا بڑا حصہ قرآن مجید کے مطالعہ میں صرف کیا ۔ علامہ عبیداللہ سندھی کے خاص شاگردوں میں سے تھے ۔ چنانچہ مکہ مکرمہ پہنچ کر علامہ سے قرآن مجید کا ترجمہ و تفسیر پڑھی اور سینکڑوں صفحات پر نوٹس لئے ۔

سورۃ یوسف کے اس ترجمہ میں اپنے استاد کے نوٹس کے ساتھ ساتھ اپنی تحقیقات بھی تحریر کی ھیں ۔ یہ تفسیر فل اسکیپ سائز کے تین سو صفحات پر مشتمل ہے جو مخطوطہ کی صورت میں مولانا لغاری کے شاگروں کے پاس موجود ہے ۔ (۴۹)

**۲۳) تفسیر حوامیم : تصنیف مولانا عبداللہ لغاری مرحوم**

یہ تفسیر بھی مذکورہ بالا طرز پر تحریر شدہ ہے۔ جس میں قرآن مجید کی مشکل سورتوں یعنی حوامیم کا ترجمہ و تفسیر پیش کی گئی یہ تفسیر $\frac{20 \times 30}{4}$ کے بڑے سائز میں تقریباً دو سو صفحات پر مشتمل قلمی صورت میں حافظ محمد یعقوب صاحب قادری کراچی والے کے پاس موجود ہے ۔ (۵۰)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**۲۴)   الظھور فی تفسیر سورۂ نور از مولوی عبداللہ چانڈیو ساکن گانؤملا تحصیل گڑھی یاسین جیک آباد سندھ**

یہ سورہ نور کی اچھی تفسیر ہے جسے ادارہ اشاعت القرآن خیر پور نے ۱۹۸۰ء میں شائع کیا ہے۔ (۵۱)

**۲۵)   تفسیر و ترجمہ سورہ یٰسٓ : مولوی عبداللہ صاحب چانڈیہ۔**

یہ مولوی صاحب کی دوسری تفسیر ہے۔ جو سورۂ یٰسٓ پر مشتمل ہے۔ اسے پاکستان الیکٹرک پرنٹنگ پریس شکارپور نے ۱۹۸۱ء میں شائع کیا ہے۔ (۵۲)

**۲۶)   ترجمہ و تفسیر پارہ الم : از علماء شیعہ اثنا عشری**

یہ ترجمہ و تفسیر خیر پور کے اثناء عشری حضرات نے ۱۹۶۰ء میں ٹائپ میں طبع کرا کے شائع کیا ہے۔ (۵۳)

**۲۷)   تفسیر تفہیم القرآن جلد اول ، دوئم،سوئم اور ششم از سید ابوالاعلی مودودی مترجم سندھی مولانا جان محمد بھٹو از سورہ فاتحہ تا سورہ انفال ، سورہ نور اور پارہ عمّ۔ (وفات ۱۹۸۲ء) و امیر الدین مہر**

عہد حاضر کی تفاسیر میں تفہیم القرآن کا جو مقام و مرتبہ ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ یہ اس صدی کی معرکۃ الآراء تفاسیر میں سے ہے۔ جس نے نوجوان ذہن ، جدید تعلیم یافتہ افراد اور دین سے برگشتہ لوگوں کو بڑا متاثر کیا اور لاکھوں ذہنوں میں اسلام کا نقش ثبت ہوا ۔ مولانا مرحوم نے اسلام کا انقلابی پہلو اجاگر کیا جسکی وجہ سے اسلامی انقلاب اور اسلامی نظام کی لہر اٹھی ۔ اس لہر میں تفہیم القرآن کا اہم کردار ہے۔ تفہیم القرآن کے اس وقت تک سات زبانوں میں تراجم ہو چکے ھیں یا ہو رہے ھیں ۔ ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں سے ایک سندھی زبان ہے ۔ اس ترجمہ کی ابتداء مولانا جان محمدؒ نے کی تھی اس لئے الفضل لمن سبق کے مطابق وہ اس سعادت میں سندھی میں ترجمۂ تفاسیر کے پیش رو ہیں ۔

مولانا جان محمد بھٹو کا شمار سندھ کے بڑے علماء اور مبلغین میں ہوتا ہے آپ کے والد مولوی محمد مبارک بھٹو اچھے عالم اور حکیم تھے ۔

مولانا جان محمدؒ نے تعلیم سے فراغت کے بعد ھی دعوت و تبلیغ کا کام شروع کر دیا تھا ۔ لیکن ۱۹۵۰ء سے تو باقاعدہ ھمہ تن اس راہ میں لگ گئے اور وفات تک یکسوئی سے دعـــوت و تبلیغ میں مصروف رھے ۔ آپ کو قرآن مجید کی تعلیم عام کرنے کی دھن تھی ۔ چنانچہ اپنے تبلیغی دوروں میں درس قرآن کا خصوصی اهتمام کرتے تھے اور قرآن مجید کے مضامین بیان کرتے تھے ۔

آپ کی سندھی زبان بڑی شستہ اور فصیح تھی ۔ پورے سندھ میں دورے کرنے اور بچپن و جوانی کا کچھ حصہ اپر سندھ ، لوئر سندھ اور پھر وسطی سندھ میں قیام کرنے کی وجہ سے آپ میں تمام علاقوں کی لسانی خوبیاں موجود تھیں اور تحریر میں کسی ایک خطے کے لہجے کا غلبہ نہیں تھا ۔

مولانا بھٹو مرحوم نے تفہیم القرآن کا ترجمہ کافی عرصہ پہلے غالباً ۱۹۵۸ء میں شروع کر دیا تھا لیکن دعوتی و تبلیغی مصروفیات کی وجہ سے زیادہ توجہ نہیں دے سکے ۔ البتہ آخر عمر میں اس کام کی طرف توجہ کی اور جب دعوتی دورے سے واپس اپنے گھر آتے تو ترجمہ کیلئے وقت نکالتے تھے ۔ اس طرح آپ نے تفہیم القرآن کی تقریباً پونے دو جلدوں کا ترجمہ مکمل کیا تھا کہ ناگہانی اجل نے اس کام سے ان کا ھاتھ روک دیا ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مولانا کے انتقال کے بعد یہ سعادت راقم الحروف کے حصہ میں آئی ـ چنانچہ سورہ التوبہ سے اپریل ۱۹۸۳ء سے میں نے ترجمہ شروع کیا اور اسوقت تک تیسری جلد مع چھٹی جلد کا ترجمہ ہو چکا ہے ـ اب صرف دو جلدیں چوتھی اور پانچویں باقی رہ گئی ھیں ـ الحمدللہ ترجمے کا یہ سلسلہ جاری ہے ـ

ابتداء میں تفہیم القرآن سندھی کی طباعت ایک ایک پارہ کر کے شروع کی گئی اور سندھ اسلامک پبلیکیشن حیدرآباد نے ۱۹۷۲ء میں پہلا پارہ اور اسی سال دوسرا پارہ ، ۱۹۷۵ء میں تیسرا پارہ اور چوتھا پارہ اور ۱۹۷۶ء میں پانچواں پارہ شائع کیا ـ

اسکے بعد جلد اول ، اردو اشاعت کی ضخامت کے مطابق فروری ۱۹۸۳ء میں طبع ہوئی ـ پھر اپریل ۱۹۸۵ء میں آخری جلد شائع ہوئی اور ۱۹۸۶ء میں دوسری جلد طبع ہوئی ـ یہ تینوں جلدیں بھٹائی پرنٹنگ پریس لطیف آباد حیدرآباد میں طبع ہوئیں ـ اور سندھ اسلامک پبلیکیشنز لطیف آباد حیدرآباد سے شائع ہوئی ھیں ـ جلد اول کا پہلا اور دوسرا ایڈیشن ختم ہو گیا چنانچہ اس کا تیسرا ایڈیشن چھپ چکا ہے تیسری جلد کا ترجمہ مکمل ہو گیا ہے اور اس کی کتابت ہو رھی ہے ـ انشاء اللہ سال رواں میں طبع ہو جائیگی ـ

تفہیم القرآن کا سندھی ترجمہ لفظی اور سلیس زبان میں ہے ـ البتہ محاوراتی رنگ بھی موجود ہے ـ مترجمین نے متن قرآن کا ترجمہ تفہیم کے ترجمہ کے مطابق ھی کیا ہے ـ البتہ الفاظ کا انتخاب کرنے اور ترجمہ سہل و بامحاورہ بنانے کیلئے مولانا تاج محمود امروٹیؒ ، قاضی عبدالرزاق اور احمد ملاح کے ترجمے بھی پیش نظر رکھے ھیں ـ

تفہیم القرآن کا ترجمہ مکمل ہونے پر سندھی زبان کی تفاسیر میں ایک بہترین علمی اضافہ ہو گا ـ (۵۴)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## (۲۸) بیان بے نظیر قــرآن کی تفسیر ملقب بدیع التفاسیر
## از ابو محمد بدیع الدین شاہ الراشدی السندی المکی

پیر بدیع الدین شاہ الراشدی کا تعلق پیر جھنڈے والے مشہور راشدی خاندان سے ہے۔ آپ مسلکاً اہلحدیث ہیں اور سندھ میں اہلحدیثوں کے قائد ہیں۔ اپنی علمیت کی وجہ سے ملک گیر شہرت رکھتے ہیں۔ آپ حافظ قرآن، محدث، جیّد عالم و واعظ ہیں۔ درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کے ساتھ دعوت و تبلیغ کا کام بھی کرتے ہیں۔

پیر صاحب جذباتی و جلالی طبیعت اور اپنے مسلک میں شدت رکھتے ہیں۔ اسی وجہ سے ایک مرتبہ سندھ سے ھجرت کر کے مکہ مکرمہ چلے گئے تھے۔ لیکن اپنی طبیعت اور شدت کی وجہ سے وہاں بھی قیام نہیں کر پائے اور چند سال رہ کر واپس آ گئے۔

بدیع التفاسیر کی اسوقت تک دو جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔ جلد اول صرف مقدمۂ تفسیر ہے۔ جو درمیانی سائز میں ۴۴۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ دوسری جلد صرف سورۃ فاتحہ کی تفسیر ہے۔

تفسیر کے ناشر ڈاکٹر سید ابوالعطاء محمد صالح شاہ بخاریؒ مقدمہ تفسیر کے دیباچے میں تفسیر کی وجہ تالیف و تصنیف بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

,,قارئین کے ھاتھــوں میں یہ،، مقــدمہ بیان بے نظیر قرآن کی تفسیر لقب بدیع التفاسیر ,,اسی مقصد کیلئے تصنیف و طبع ہو کر پہنچا ہے۔ یہ پہلی جلد صرف مقدمہ پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ چھ یا سات جلدیں تفسیر کی تیار ہو رہی ہیں جو جیسے جیسے شائع ہوتی رہینگی ویسے ہی قارئین کی خدمت میں پہنچتی رہینگی،،

اس وعدے کے مطابق ایک جلد مزید سورہ فاتحہ کی چھپ گئی ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لیکن اسکی ضخامت و پیر صاحب کی علمیت سے اندازہ ہے کہ یہ تفسیر دس جلدوں تک جائے گی ۔

مقدمہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ تر اتقان للسیوطی کے مضامین کو اس میں سمویا گیا ہے۔ پھر ایسے مضامین لائے گئے ھیں جو ایک عام قاری کی سمجھ سے بالا ھیں ۔ مزید طرفہ یہ کہ آیات و احادیث کے عربی متن کو ٹائپ میں لکھا گیا ہے اور کوئی اعراب نہیں ھیں اسلئے غیر عربی دان نہ تو پڑھ سکتا اور نہ ھی سمجھ سکتا ہے ۔

پیر صاحب چونکہ اهلحدیث مناظر اور مجتهد فی المذهب ھیں اسلئے تفسیر مناظرانہ رنگ لئے ہوئے ہے۔ بلکہ بعض مقامات پر مقلدین اور خصوصاً حنفیہ پر تنقید کی گئی ہے۔ جسکی وجہ سے زیادہ لوگ اس تفسیر سے استفادہ نہیں کریں گے ۔ بہرحال سندھی میں عالمانہ، مناظرانہ اور اهلحدیث مسلک کے مطابق پہلی تفسیر ہے اور سندھی زبان کے دینی لٹریچر میں اچھا اضافہ ہے ۔ نیز پیر صاحب اور عقیدتمندوں کے پاس مالی وسائل کی کمی نہیں ہے اسلئے امید ہے کہ یہ تفسیر مکمل طبع ہو جائیگی ۔ (۵۵)

**(۲۹) قرآن مجید مترجم از اعلی حضرت احمد رضا خان ( ف ۱۳۴۰ھ ) و تفسیری حاشیہ از مولانا نعیم الدین مراد آبادی ترجمہ سندھی از فقیر قربان علی سکندری فقیر غلام سرور سکندری ۔**

,,سندھی میں تراجم قرآن مجید،، میں ہم بیان کر چکے ھیں کہ کنزالایمان کا ترجمہ مفتی محمد رحیم سکندری نے کیا ہے جو زیر طبع ہے۔ البتہ اعلی حضرت کے ترجمہ پر جو تفسیری نوٹ مولانا نعیم الدین مراد آبادی کے ھیں ان کا ترجمہ مذکورہ بالا دو حضرات نے کیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے۔ اسطرح یہ قرآن مجید جس طرح اردو میں مطبوعہ ہے اسی طرح سندھی میں مکمل طور پر منتقل ہو گیا ہے۔ (۵٦)

**(۳۰) تفسیر قرآن مجید سندھی از مولانا عبدالکریم بیر والہ**

مولانا عبدالکریم صاحب کی شخصیت و علمیت کا تذکرہ اس سے قبل کر آئے ھیں ان بزرگ کے بارے میں ان کے شاگردوں سے معلوم ہوا ہے کہ آپ قرآن مجید کی تفسیر لکھ رہے ھیں جو تکمیل کے مراحل میں ہے۔ مولانا کی علمیت کو دیکھتے ہوئے توقع ہے کہ یہ تفسیر علمی لحاظ سے اعلی معیار کی ہو گی۔

**(۳۱) ترجمہ تفسیر ضیاء القرآن از پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہری**

سندھ کے احباب اور پیر صاحب کے متعلقین سے معلوم ہوا کہ ضیاء القرآن کا ترجمہ سندھی زبان میں ہو رہا ہے اور مقامی علماء اسکا ترجمہ کر رہے ھیں۔ نیز معلوم ہوا کہ پارہ عمّ کا ترجمہ اور تفسیر فرقان احمد صاحب نے حیدر آباد سے شائع کیا ہے۔

تفسیر ضیاء القرآن کا علمی و تفسیری معیار بہت اچھا ہے اور اس دور کی مقبول عام تفاسیر میں سے ہے۔ لہذا اس کا سندھی میں ترجمہ عمدہ علمی اضافہ ہو گا۔

نوٹ :

تراجم و تفاسیر کے علاوہ علوم القرآن و علوم التفسیر پر بھی سندھی میں متعدد کتابیں لکھی گئی ھیں جن میں مضامین قرآن اور قرآن مجید سے تعلق رکھنے والے دیگر تفسیری علوم پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ ان کا تفصیلی بیان کرنے سے مضمون طویل ہو جائیگا۔ البتہ انکی ایک مختصر فہرست پیش کی جاتی ہے۔

(۱) ,,الھی آواز جو آلاپ،، حصہ اول از حاجی شاھنواز پیر زادہ مطبوعہ چندن الیکٹرک پرنٹنگ پریس حیدرآباد، ۱۹۴۷ء۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۲) ,,الهی آواز جو آلاپ،، حصه دوئم مطبوعه مذکوره بالا پریس ۱۹۴۷ء

(۳) بیان القرآن از مولوی عبدالله کیریه مطبوعه نذیر پرنٹنگ ورکس کراچی ، ۱۹۵۰ء ـ

(۴) آسان جو قرآن از محمد یعقوب ابڑو ,,جلیس ،، هالائی صفحات ۱۸۴ طباعت : الزمان پرنٹنگ پریس هالا حیدر آباد ، سال ۱۹۵۳ء

(۵) فضائل قرآن از غلام محمد ایس پنوهر حیدر آباد ، صفحات ۲۴۰ سال اشاعت ۱۹۴۰ء

(٦) انتخاب قرآن از مولوی غلام مصطفی دادوی مطبوعه جمال پرنٹنگ پریس حیدر آباد سال ۱۹٦۰ء ونسیم برادرس ۱۹٦٦ء ـ

(۷) فضائل قرآن از مولانا محمد زکریا صفحات ۱۱۴ مطبوعه فردوس پرنٹنگ پریس سال ۱۹٦٦ء

(۸) شان بسم الله از حاجی شاهنواز شائق بدینوی رحیمی پبلیکیشنز بدین ، ۱۹۷۰ء ـ

(۹) غنچه هدایت از عبدالهادی سرهیه ، یه علوم القرآن پر بهترین کتاب ہے جو سندهی میں پهلی مرتبه لکهی گئی ہے صفحات ۲۳۰ ، سال اشاعت ۱۹۷۱ء ـ

(۱۰) قرآن فهمی کے بنیادی اصول از مولانا سید ابو الاعلی مودودیؒ ترجمه سندهی مولانا جان محمد بهٹوؒ شائع کرده سنده اسلامی پبلیکیشن حیدر آباد ، سال ۱۹۷۴ء ـ

(۱۱) قرآنی معلومات از شاه محمد منگی ثاقب شائع کرده کتاب محل پبلی کیشنز ، ۱۹۸۱ء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۱۲) دعوت الی القرآن از شمس الـدین عباسی صفحات ۱۹۹ جلد اول سال اشاعت ۱۹٦۷ء

(۱۳) فضائل قرآن مجید از سعـــد الله ابڑو طابع ربانی پرنٹنگ پریس حیدر آباد ـ

(۱۴) کنز العبرت از مولوی عبدالله لغاری صفحات ۱۲۲ طبع اول۔
یہ قرآن مجید کی مختلف آیات کا ترجمہ ہے۔

(۱۵) قرآنی انقلاب از محمد عثمان ڈیــلائی ، صفحات ٦۰ اسلامیہ دار الاشاعت حیدر آباد ، طبع اول ـ

(١٦) قرآنی خزانہ از محمد عثمان ڈیپلائی صفحات ۱۷۰ اسلامیہ دارالاشاعت حیدر آباد طابع اسلامیہ پریس حیدر آباد ـ

---

نمبر شمار از ۱ تا ١٦ کا ماخذ چھپیل سندھی کتابن جی ببلیوگرافی مطبوعہ انسٹیٹیوٹ سنڌھیالاجی و ببلیو گرافی مولوی محمد ادریس ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# حواشی

(۱) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیر میں » از علامہ غلام مصطفی قاسمی صفحہ ۱۳۵
(۲) سندھی زبان میں تراجم اور تفاسیر از پروفیسر محمد سلیم بحوالہ سیارہ قرآن نمبر صفحہ ۱۹۵
(۳) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں از علامہ قاسمی بحوالہ رسالہ مہران صفحہ ۱۳۳
(۴) سندھی زبان میں قرآن مجید کے تراجم اور تفاسیر از پروفیسر محمد سلیم سیارہ قرآن مجید نمبر ص ، ۱۹۵
(۵ ـ الف) سندھ کی ادبی تاریخ ص ۱۹ ـ
(۵) ب) مقالہ سندھی زبان کی تاریخ از محمد اسماعیل عرسانی ـ
(٦) سندھی زبان میں قرآن مجید کے تراجم و تفاسیر پروفیسر محمد سلیم
(۷) انسائیکلو پیڈیا پنجاب یونیورسٹی جلد ۱/۱٦ صفحہ ٦۱۵
(۸) الف) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں از علامہ قاسمی صفحہ ۱۳٦
(۸) ب) سندھ جی ادبی تاریخ از الحاج محمد صدیق میمن ص ۲۰۱ تا ۲۰٦
(۹) قرآن مجید کے سندھی ترجمے و تفسیریں از علامہ قاسمی صفحہ ۱۳۷
(۱۰) اسلامی انسائیکلو پیڈیا از سید قاسم محمود ص ۱۲۱
(۱۱) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں از علامہ غلام مصطفی قاسمی ص ۱۳۹
(۱۲) قرآن مجید کے سندھی ترجمے و تفسیریں از علامہ قاسمی
(۱۳) سندھی لکھنے والوں کی ڈائریکٹری مطبوعہ سندھیالاجی ص ۱۷٦
(۱۴) دیباچہ قرآن مجید مترجم از قاضی عبدالرزاق مطبوعہ عباسی کتب خانہ کراچی
(۱۵) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں از علامہ قاسمی ص ۱۵۰
(۱٦) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں از علامہ قاسمی ص ۱۵۱
(۱۷) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں از علامہ قاسمی ص ۱۵۲
(۱۸) ترجمہ قرآن مجید از قاضی عبدالرزاق دیباچہ
(۱۹) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسریں ص ۱۵۲ از علامہ قاسمی ـ
(۲۰) نور القرآن از مولانا احمد ملاح
(۲۱) قرآن مجید کے سندھی میں ترجمے و تفسیریں از علامہ قاسمی ص ۱٦۵
(۲۲) قرآن مجید کے تراجم و تفاسیر از پروفیسر محمد سلیم ص ۱۹۸ سیارۂ ڈائجسٹ قرآن نمبر
(۲۳) چھپیل سندھی کتابن جی ببلیو گرامی ص ٦۵ ـ ٦٦ از انسٹیٹیوٹ آف سندھیالاجی
(۲۴) ببلیو گرافی از مولوی محمد ادریس سومرو کراچی
(۲۵) قرآن مجید کے سندھی ترجمے و تفسریں از علامہ غلام مصطفی قاسمی
(۲٦) قرآن مجید کے سندھی ترجمے و تفسیریں از علامہ غلام مصطفی قاسمی
(۲۷) خط از جامعہ راشدیہ پیر جوگوٹھ از فقیر قربان علی سکندری .
(۲۸) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں از علامہ قاسمی ـ
(۲۹) فرائض الاسلام علامہ محمد ہاشم ٹھٹھوی ص ۱۳ ـ ۲۲

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(٣٠) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں از علامہ غلام مصطفی قاسمی ص ١٥٣
(٣١) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں علامہ غلام مصطفی قاسمی ص ١٥٦
(٣٢) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیر از علامہ غلام مصطفی قاسمی ص ١٥٧
(٣٣) قرآن مجید کے ترجمے و تفسیریں از علامہ غلام مصطفی قاسمی ۔
(٣٤) " " " " "
(٣٥) قرآن مجید کے سندھی ترجمے و تفسیریں از علامہ غلام مصطفی قاسمی ۔
(٣٦) ایضاً
(٣٧) ایضاً
(٣٨) قرآن مجید کے سندھی ترجمے و تفسیریں از علامہ غلام مصطفی قاسمی ۔
(٣٩) چھپیل سندھی کتابن جی ببلیو گرافی ص ٣٥
(٤٠) قرآن مجید کے سندھی ترجمے و تفسیریں از علامہ قاسمی ۔
(٤١) سندھ کی ادبی تاریخ از خانبہادر محمد صدیق میمن ص ٢٥٠
(٤٢) ایضاً
(٤٣) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں از علامہ قاسمی ص ١٦١
(٤٤) سندھی ادب کا تاریخی جائزہ
(٤٥) قرآن مجید کے سندھی ترجمے و تفسیریں از علامہ قاسمی
(٤٦) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں از علامہ قاسمی، ص ١٦٣
(٤٧) قرآن مجید کے سندھی ترجمے اور تفسیریں از علامہ قاسمی
(٤٨) چھپیل سندھی کتابن جی ببلیوگرافی و قرآن مجید کے سندھی ترجمے و تفسیریں
(٤٩) قرآن مجید کے سندھی ترجمے و تفسیریں از علامہ قاسمی ۔
(٥٠) ایضاً
(٥١) سندھی کتابن جی ببلیوگرافی از مولوی محمد ادریس سومرو کراچی ۔
(٥٢) سندھی دینی کتابوں کی ببلیوگرافی از مولوی محمد ادریس سومرو کراچی
(٥٣) قرآن مجید کے سندھی ترجمے و تفسیریں از علامہ قاسمی
(٥٤) تفہیم القرآن کے متفرق ایڈیشن
(٥٥) مقدمہ بدیع التفاسیر از ابو محمد بدیع الدین شاہ الراشدی طباعت ١٣٩٧ ھ
(٥٦) خط از جامعہ راشدیہ پیر گوٹھ مکتوبہ مترجمین ۔

●●●

© rasailojaraid.com